وفاق المدارس العربیہ پاکستان
کے تحت آن لائن داخلہ کی وصولی

(1) 1444ھ سے وفاق المدارس کے تحت آن لائن داخلہ وصولی کا آغاز کیا گیا تھا۔

(2) 1445ھ میں درجہ حفظ اور رجسٹریشن درجہ اولیٰ کا داخلہ حسب سابق مروجہ داخلہ فارم پر ہوگا۔ان کے علاوہ تمام درجات کا داخلہ آن لائن ہوگا۔

(3) طالب علم ازخود آن لائن داخلہ نہیں کرسکتا، مدرسہ کی طرف سے داخلے کیے جائیں گے،کوشش کی جائے کہ تمام طلبہ کے داخلے،مقررہ تاریخ اور شرح فیس کے مطابق یکبارگی جمع کیے جائیں۔

آن لائن داخلے کے درج ذیل مراحل ہیں:

مدارس لاگ ان:

ویب سائٹ کے صفحہ اول پر موجود ''مدارس لاگ ان'' کا بٹن موجود ہے۔اس میں ''آن لائن داخلہ'' پر کلک کرنے سے ''مدارس لاگ ان'' کھل جائے گا۔

خفیہ کوڈ:

ہر مدرسہ/جامعہ کے الحاق نمبر (آخری پانچ ہندسوں پر مشتمل) کو Usrename اور خفیہ کوڈ (Password) قرار دیا گیا ہے۔

داخلہ کے لیے ''لاگ ان فارم'' میں مدرسہ کا الحاق نمبر درج کریں۔اگر اب تک خفیہ کوڈ تبدیل نہیں کیا تو ''تبدیلی خفیہ کوڈ'' بٹن کے ذریعے اپنا خفیہ کوڈ (Password) تبدیل کرلیں تاکہ کوئی غیر متعلقہ شخص استعمال نہ کرسکے۔

''مدارس لاگ ان'' میں خفیہ کوڈ کے اندراج کے بعد ''آن لائن داخلہ درجہ کتب'' پر کلک کریں۔

داخلہ بذریعہ رقم التسجیل:

جن طلبہ کو وفاق کی طرف سے رقم التسجیل (رجسٹریشن) جاری ہوچکا ہے ان کا داخلہ ''بذریعہ رقم التسجیل'' ہوگا۔اس فارم میں متعلقہ شعبہ ''بنین'' یا ''بنات'' منتخب کریں۔متعلقہ درجہ کا انتخاب کریں اور طالب علم/طالبہ کا رقم التسجیل (رجسٹریشن نمبر) درج کریں۔

کوائف طالب علم:

رقم التسجیل کے اندراج کے بعد ''کوائف طالب علم'' کے بٹن پر کلک کریں۔جس سے مطلوبہ طالب علم/طالبہ کا وفاق کے ریکارڈ میں موجود تفصیلی ڈیٹا سامنے آجائے گا۔

داخلہ بغیر رقم التسجیل:

جن طلبہ کی پہلے سے رقم التسجیل (رجسٹریشن) جاری نہیں ہے/پہلی مرتبہ وفاق کا امتحان دیں گے (متوسطہ، خاصہ اول بنات، دراسات اول، تجوید للحفاظ، تجوید للحافظات) ان کے داخلہ کے لیے ''داخلہ بغیر رقم التسجیل'' کے بٹن پر کلک کریں۔متعلقہ درجہ کا انتخاب کریں اور طالب علم/طالبہ کے کوائف شناختی کارڈ/ب فارم کے مطابق درج کریں۔

اگران درجات میں بھی کسی طالب علم نے پہلے امتحان دیا ہے اور رقم التسجیل جاری ہو چکا ہے تو اس کا داخلہ پرانے رقم التسجیل سے ’’داخلہ بذریعہ رقم التسجیل ‘‘ کے تحت ہوگا۔

آن لائن داخلہ کی فہرست:

عالیہ سال اول بنین، متوسطہ، خاصہ اول بنات، دراسات اول، تجوید للحفاظ، تجوید للحافظات کے آن لائن داخلہ کی فہرست دفتر وفاق کو بھیجیں۔ متوسطہ اور خاصہ اول بنات کی فہرست کے ساتھ فارم ب یا شناختی کارڈ کی کاپی لف کریں۔ تجوید للحفاظ و تجوید للحافظات کی فہرست کے ساتھ درجہ تحفیظ القرآن الکریم کی سند (وفاق) کی کاپی لف کرنا ضروری ہے۔

تصویر اپ لوڈ کریں:

عالیہ سال اول بنین، متوسطہ، دراسات اول، تجوید للحفاظ کے طلبہ کی تصاویر اپ لوڈ کریں۔ نیز ان درجات کی فہرست کے ساتھ طلبہ کی تازہ تصاویر (پاسپورٹ سائز) لف کریں (طالبات کی تصویر ممنوع ہے)۔ ہر طالب علم کی تصویر کی پشت پر اس کا نام، ولدیت اور درجہ ضرور لکھیں۔ تصویر واضح ہونی چاہیے۔

داخلہ محفوظ کریں:

اندراج مکمل کرنے کے بعد ’’داخلہ محفوظ کریں‘‘ کے بٹن پر کلک کریں۔ ہر طالب علم کے داخلہ کے لیے یہی عمل دوہرانا ہوگا۔

داخلہ محفوظ کرنے سے پہلے طالب علم کے تفصیلی کوائف کو بغور دیکھ کر اطمینان حاصل کرنا ضروری ہے۔

چالان فارم برائے وصولی فیس کی دفتر وفاق کو ترسیل:

’’چالان فارم برائے وصولی فیس‘‘ کا پرنٹ نکال کر، آن لائن داخلہ کے علاوہ دیگر درجات کی رقم بھی اس میں درج کریں اور مجموعی رقم بینک میں جمع کروائیں۔ فیس کا ثبوت آن لائن اٹیچ کریں۔ چالان فارم اور اصل بینک سلپ دفتر وفاق کو بھیجیں، بینک سلپ پر مدرسہ کا الحاق نمبر لکھنا ضروری ہے۔ چالان فارم اور بینک سلپ کی کاپی اپنے پاس بھی محفوظ رکھیں۔

فیس کی رقم بذریعہ موبائل ٹرانسفر کرنے کی صورت میں:

اگر فیس کی رقم بذریعہ موبائل ایپ ٹرانسفر کرنی ہو تو اس امر کو ملحوظ رکھنا چاہیے کہ جس بینک اکاؤنٹ کی موبائل ایپ یا موبائل اکاؤنٹ کی اپلیکشن سے رقم ٹرانسفر کریں اس کی رسید پر تاریخ، ٹرانزیکشن نمبر، وصول کنندہ بینک کا نام، اس کا اکاؤنٹ نمبر اور مدرسہ کا الحاق نمبر لکھیں۔

نوٹ: (1) رفع درجات کا امتحان دینے کی صورت میں سابقہ سند اور کشف الدرجات دفتر وفاق کو جمع کروائیں، بصورت دیگر رفع درجات کا نتیجہ روک دیا جائے گا۔

(2) وفاق کا مالیاتی سال یکم محرم الحرام سے اختتام ذوالحجہ تک ہے۔ ہر سال مدارس کی سالانہ فیس اور ماہنامہ وفاق کی فیس ادا کرنا لازم ہے۔